Urdu (Compulsory) Paper – XI (01) (17)

Roll No Name

1۔ ہر سوال کے سامنے چار دائرے دیئے گئے ہیں، صرف صحیح جواب والا دائرہ بھر دیں۔
2۔ دائروں کو شیڈ (بھرنے) کے لئے نیلے یا کالے رنگ کا پن استعمال کریں۔
3۔ جواب میں ایک سے زائد دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

Time Allowed: 20 Minutes

## SECTION – A

Marks : 20

| سوال | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نادر شاہ کے قتل کے بعد شیراز میں کس کی حکومت رہی؟ | کریم خان زند | رضا شاہ پہلوی | احمد شاہ ابدالی | حافظ شیرازی |
| سکندر سے لڑتے ہوئے جو شہنشاہ مارا گیا وہ دارا نام کا ---- بادشاہ تھا۔ | پہلا | دوسرا | تیسرا | ان میں کوئی نہیں |
| ڈاکٹر سید عبداللہ کہاں پیدا ہوئے؟ | لاہور | کراچی | دہلی | ضلع ہزارہ |
| پہلی جنگ عظیم میں انگریز کا مقابلہ کس سے ہوا؟ | روس | جاپان | جرمنی | امریکہ |
| خدا اُن کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد کرتے ہیں۔ یہ ایک نہایت عمدہ اور آزمودہ ---- | محاورہ ہے | ضرب المثل ہے | مقولہ ہے | کہاوت ہے |
| ع: ---- ہیں ہر طرف، اندھا نہ بن، اب بھی سنبھل | خوشیاں | غم | تاریکیاں | روشنیاں |
| تم بھی دودھ اس طرح پیو، جس طرح ---- پیتا ہے۔ | کتا | بلی | چوہا | شیر |
| میر درد کو ---- شاعر کہا جاتا ہے۔ | عوامی | آفاقی | مزاحیہ | صوفی |
| "اردو کی آخری کتاب" کس کی تصنیف ہے؟ | مشتاق احمد صدیقی | ابن انشاء | محمد حسین آزاد | سرسید |
| سبق "جھوٹے آدمی" کے مصنف کون ہیں؟ | سرسید احمد خان | مولوی ذکاء اللہ | شبلی نعمانی | نذیر احمد |
| سرسید احمد خان کہاں پیدا ہوئے؟ | لاہور | علی گڑھ | دہلی | لکھنو |
| ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نسلاً ---- تھے۔ | پٹھان | پنجابی | سندھی | بلوچی |
| اطالوی لنچ کھانے کے بعد ---- ضرور کرتے ہیں۔ | قیلولہ | آرام | ورزش | ان میں کوئی نہیں |
| خدیجہ مستور کی ادم جی انعام یافتہ ناول کا نام تھا ---- | تھکے ہارے | بوچھاڑ | زمین | آنگن |
| ---- نے نئی وضع اختیار کر کے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا۔ | پطرس | سرسید احمد خان | غالبؔ | اقبال |
| پاکستان قائم کرنے کا فیصلہ ---- کو بہت ناگوار گزرا۔ | مسلمانوں | ہندوؤں | انگریزوں | جرمنوں |
| داغ دہلوی کے استاد کا نام ---- تھا۔ | ابراہیم ذوقؔ | غالبؔ | مومنؔ | آتشؔ |
| جب دو یا دو سے زیادہ الفاظ مجازی معنوں میں استعمال ہوں تو اسے کیا کہتے ہیں؟ | محاورہ | روزمرہ | تشبیہ | استعارہ |
| شدھی کی تحریک کس نے شروع کی؟ | ہندوؤں نے | مسلمانوں نے | انگریزوں نے | تینوں نے |
| ڈاکٹر عبادت بریلوی نے پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کہاں سے کیا؟ | سندھ مدرسۃ الاسلام | علی گڑھ کالج | اینگلو عربیک کالج دلی | اورینٹل کالج لاہور |

eduvision.edu.pk

PR XI (01) 17 P-283

# اردو لازمی (نیا کورس)

Inter Part-I

(Fresh/Reappear)

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

نمبر: ۵۰

## سیکشن (ب)

سوال-II درج ذیل میں سے دس (10) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

(۱) ولیم ڈرائمن کے اصول کا مفہوم بیان کریں۔

(۲) محاورہ اور روزمرہ کی تعریف کریں۔ نیز مثالیں دے کر وضاحت کریں۔

(۳) انسانوں میں باہمی رشتہ مندی کس سبب سے ہے؟

(۴) نظریہ پاکستان سے کیا مراد ہے؟

(۵) ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ تہذیبی اصلاح، مثالی مملکت، تہذیبی وراثت، مستحکم، دلباز

(۶) عبادت بریلوی نے اپنے مضمون " کچھ ادب کے بارے میں " میں کن زاویوں سے ادب کی افادیت پر روشنی ڈالی ہے؟

(۷) رتن ناتھ سرشار کے کوئی سے پانچ تصانیف کے نام تحریر کریں۔

(۸) ان الفاظ کو اعراب لگا کر درست تلفظ کے ساتھ لکھیں۔ تشکیل، معیار، امر، آخرت، توازن۔

(۹) داروغہ اور حلوائی میں کیا معاملہ طے پایا؟

(۱۰) کانگرسی جلوس دیکھ کر چھمی نے کیا ردعمل ظاہر کیا؟

(۱۱) مقفیٰ نثر کسے کہتے ہیں؟ تین مثالیں تحریر کریں۔

(۱۲) " خوبصورت بلا " میں توفیق کے کردار پر چند سطریں لکھیں۔

(۱۳) نظم " شہر آشوب " میں شاعر نے گھر کی مفلسی کا کیا نقشہ کھینچا ہے؟

eduvision.edu.pk

نمبر: ۳۰

## سیکشن (ج)

10

سوال-III درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جز کی سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے تشریح کریں۔

(الف) جبکہ ہر شخص اور کل قوم، خود اپنی اندرونی حالتوں سے آپ اپنی اصلاح کر سکتی ہے، تو اس بات کی امید پر بیٹھے رہنا کہ بیرونی زور، انسان کی یا قوم کی اصلاح و ترقی کرے، کس قدر افسوس، بلکہ نادانی کی بات ہے، وہ شخص درحقیقت غلام نہیں ہے، جس کو ایک خدا ناترس نے جو اس کا ظالم آقا کہلایا جاتا ہے۔ جو بد اخلاقی، خود غرضی، جہالت اور شرارت کا مطیع اور اپنی خود غرضی کی غلامی میں مبتلا اور قومی ہمدردی سے بے پروا ہے۔

(ب) اکثر ماں باپ اپنے بچوں کو ان کی معصوم خطاؤں پر اور بے باک شوخیوں اور گستاخیوں پر خوب گوشمالی کرتے ہیں، مگر وہ یہ یاد رکھیں کہ بچوں کو صرف ان دو قصوروں پر سزا دینی چاہیے۔ ایک جھوٹ پر اور دوسری سرکشی پر۔ جب تک کہ ان دونوں برائیوں سے ان کو وہ نہ چھڑائیں، سزا دینے سے ہاتھ کو نہ اٹھائیں۔ اگر جھوٹ کا چسکا اس عمر میں زبان کو لگ گیا، تو وہ بڑے ہونے پر اور بڑھے گا۔

10

سوال-IV درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

(الف)
یہ کوٹ کوٹوں کی دنیا کا باوا آدم ہے
وہاں زخم کی مانند ہنس رہے ہیں کاج

اگرچہ ہے وہ تنگ، جو نگاہ سے کم ہے
وصول کرتے ہیں چینی کی انگھڑیوں سے خراج

(ب)
جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
پرستش کی یاں تک کہ اے بت تجھے

حق بندگی ہم ادا کر چلے
نظر میں سبھوں کی خدا کر چلے

5

سوال-V کالج کے پرنسپل کو کالج کے خراب حالات کو ٹھیک کرنے کیلئے درخواست لکھیں۔

یا

" ماحولیاتی آلودگی " اس موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔

5

سوال-VI ایک پرانی کرسی کی آپ بیتی لکھیں۔